دل کی بیماری اور اسٹروک کی علامات

Warning Signs for Heart Disease and Strokes (Urdu Version)

ہارٹ اٹیک (دل کا دورہ) کی علامات

دل کے وسط میں بے آرام دباؤ، درد یا جکڑاؤ کا ایسا احساس جو کچھ لمحے تک ٹھرے یا ختم ہونے کے بعد دوبارہ شروع ہو جائے۔

ایک یا دونوں بازؤں، کمر، گردن، جبڑے یا پیٹ میں درد یا تکلیف۔

سینے میں درد یا بے چینی ہونے سے پہلے یا اس کے ساتھ ہی سانس لینے میں تکلیف ہونا۔

ٹھنڈا پسینہ، متلی یا چکر آنا۔

کارڈیئک اَریسٹ (حرکاتِ قلب رکنا) کی علامات

بیہوش ہونا۔ جھنجھوڑنے پر بھی جواب نہ دینا۔

سانس کا بند ہونا، جب مریض کئی لمحے گزر جانے کے بعد بھی سانس نہ لے سکے۔

دورانِ خون کی کوئی علامات کا ظاہر نہ ہونا۔ کوئی حرکت یا کھانسی نہ ہونا۔

فوراً ۹۱۱ رابطہ کیجیے اور کارڈیوپلمونری رِیسَسِیٹیشن (سی پی آر) دینا شروع کیجیے۔ اگر دل کی حرکت دوبارہ شروع کرنے والی کوئی مشین موجود ہو اور قریب میں کوئی اسے استعمال کرنا جانتا ہو، تو فوراً مدد مانگیے۔

اسٹروک کی علامات

چہرے، بازو یا پیر، خاص طور پر جسم کے ایک طرف کے حصے کا اچانک سُن ہو جانا یا کمزوری کا احساس ہونا۔

سوچنے، سمجھنے یا بولنے میں مشکل محسوس ہونا۔

ایک یا دونوں آنکھوں سے اچانک نہ دِکھنا یا دُھندلا دِکھنا۔

چلنے میں مشکل ہونا، چکر آنا یا توازن قائم نہ رکھ پانا۔

سر میں بغیر کسی بظاہر وجہ کے اچانک شدید درد ہونا۔

اسٹروک کی دیگر علامات ہیں :

اچانک متلی، بخار یا الٹی ہونا۔ اور یہ علامات وائرل اِنفکشن سے مختلف ہوتی ہیں۔ (گھنٹوں اور دنوں کی نسبت منٹوں اور لمحوں میں ظاہر ہوتی ہیں۔

تھوڑی دیر کیلئے بیہوشی یا نیم بیہوشی کی کیفیت ہونا۔ (بیہوش ہونا، سوچنے سمجھنے کی صلاحیت کھونا، مرگی کی طرح کا دورہ پڑنا، کوما میں جانا)

اگر آپ یا آپ کا کوئی جاننے والا ان علامات کا شکار ہو تو ۹۱۱ رابطہ کیجیئے۔ وقت پر علاج فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ یاد رکھیے، ایک ایک منٹ قیمتی ہے!

الینوائے ہیلتھ ڈزیز اینڈ سٹروک پرِوِنشن پروگرام

Illinois Department of Public Health

535 W. Jefferson St. Springfield, IL 62761

217-782-3300 TTY(Hearing Impaired Use only) 800 -547 0466 www.idph.state.il.us

Printed by Authority of the State of Illinois

P.O. #355510 2M 1/05